عید الاضحیٰ ۹ر دسمبر ۱۹۴۳ء کو منائی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ چونکہ بیمار تھے اس لئے حضور عید کی نماز نہ پڑھا سکے۔ اس تقریب سعید کے بارہ میں روزنامہ الفضل نے لکھا:۔

"چونکہ حضرت امیر المؤمنین ایدہ اللہ تعالیٰ بوجہ علالت عیدگاہ میں تشریف نہ لے جا سکے اس لئے عید کی نماز حضرت مولوی شیر علی صاحب نے گیارہ بجے پڑھائی۔ حضرت امیر المؤمنین ایدہ اللہ کے عہد مبارک کی یہ پہلی عید الاضحیٰ ہے جس کے اجتماع میں حضور قادیان میں رونق افروز ہوتے ہوئے بوجہ علالت تشریف نہ لے جا سکے۔"

(الفضل ۱۱ر دسمبر ۱۹۴۳ء صہ ۲)